يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

اے ایمان والو اُونچی نہ کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے اُوپر،

الْحُجُرَات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

---

1. اے ایمان والو! آگے نہ بڑھو اللہ سے اور اس کے رسول سے، اور ڈرتے رہو اللہ سے۔
اللہ سنتا ہے جانتا۔

2. اے ایمان والو اُونچی نہ کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز سے اُوپر،
اور اس سے نہ بولو کھل کر (آواز بلند کرکے)، جیسے کھلتے (بلند کرتے ہو آوازیں) ہو ایک دوسرے پر،
کہیں اکارت ہو جائیں تمہارے کئے، اور تم کو خبر نہ ہو۔

3. جو لوگ دبی آواز بولتے ہیں رسول اللہ کے پاس، وہی ہیں جن کے دل جانچے ہیں اللہ نے ادب کے واسطے۔
ان کو معافی ہے اور نیگ (اجر) بڑا۔

4. جو لوگ پکارتے ہیں تجھ کو دیوار کے باہر سے، وہ اکثر عقل نہیں رکھتے،

5. اور اگر وہ صبر کرتے، جب تک تو نکلتا ان کی طرف، تو ان کو بہتر تھا۔ اور اللہ بخشتا ہے مہربان۔

6. اے ایمان والو! اگر آئے تم پاس ایک گنہگار خبر لے کر تو تحقیق کرو،
کہیں جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے، پھر کل کو لگو اپنے کئے پر پچھتانے۔

7-8. اور جان لو، کہ تم میں رسول ہے اللہ کا۔ اگر تمہاری بات مانا کرے بہت کاموں میں تو تم پر مشکل پڑے،
پر اللہ نے محبت ڈالی تمہارے دل میں ایمان کی، اور اچھا دکھایا اسکو تمہارے دلوں میں
اور برا لگایا تمکو کفر اور گناہ اور بے حکمی۔ اللہ کے فضل سے اور احسان سے۔

---

8. اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا ۔

9. اور اگر دو فرقے مسلمانوں کے آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں ملاپ کرادو ۔
پھر اگر چڑھ جائے ایک ان میں دوسرے پر، تو لڑو اس چڑھائی والے سے، جب تک پھر آوے اللہ کے حکم پر،
پھر اگر پھر (پلٹ) آیا تو ملاپ کراؤ ان میں برابر، اور انصاف کرو ۔
بیشک اللہ کو خوش آتے ہیں انصاف والے ۔

10. مسلمان جو ہیں سو بھائی ہیں، ملادو اپنے دو بھائیوں کو ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے، شاید تم پر رحم ہو ۔

11. اے ایمان والو! ٹھٹھا (مذاق) نہ کریں ایک لوگ دوسروں سے، شاید وہ بہتر ہوں ان سے،
اور جو عورتیں دوسری عورتوں سے، شاید وہ بہتر ہوں ان سے،
اور عیب نہ دو ایک دوسرے کو، اور نام نہ ڈالو چڑ (برے القاب) ایک دوسرے کی ۔
بُرا نام ہے گنہگاری پیچھے ایمان کے ۔
اور جو کوئی توبہ نہ کرے تو وہی ہے بے انصاف ۔

12. اے ایمان والو! بچتے رہو بہت تہمتیں کرنے سے ۔ مقرر بعض تہمت گناہ ہے،
اور بھید نہ ٹٹولو کسی کا، اور بد نہ کہو پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو ۔
بھلا خوش لگتا ہے تم میں کسی کو، کہ کھائے گوشت اپنے بھائی کا جو مُردہ ہو ۔ سو گھن آئے تم کو اس سے ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے ۔
بیشک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے ۔

13. اے آدمیو! ہم نے تم کو بنایا ایک نر اور مادہ سے اور رکھیں تمہاری ذاتیں اور گوتیں، تا (کہ) آپس کی پہچان ہو ۔
مقرر عزت اللہ کے ہاں اسی کو بڑی جس کو ادب بڑا ۔
اللہ سب جانتا ہے خبردار ۔

.14 کہتے ہیں گنوار، ہم ایمان لائے۔
تو کہہ، تم ایمان نہیں لائے، پر کہو مسلمان ہوئے، اور ابھی نہیں پیٹھا (داخل ہوا) ایمان تمہارے دلوں میں
اور اگر حکم پر چلو گے اللہ کے اور اس کے رسول کے، کاٹ نہ لے گا تمہارے کاموں میں سے کچھ۔
اللہ بخشتا ہے مہربان۔

.15 ایمان والے وہ ہیں جو یقین لائے اللہ پر اور اسکے رسول پر،
پھر شبہ نہ لائے اور لڑائی کی اللہ کی راہ میں، اپنے مال اور جان سے۔
وہ جو ہیں وہی ہیں سچے۔

.16 تو کہہ، کیا جتاتے ہو اللہ کو اپنی دینداری؟
اور اللہ کو خبر ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔
اور اللہ ہر چیز جانتا ہے۔

.17 تجھ پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہوئے۔
تو کہہ، مجھ پر احسان نہ رکھو اپنی مسلمانی کا۔
بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ تم کو راہ دی ایمان کی، اگر سچ کہو۔

.18 اللہ جانتا ہے چھپے بھید آسمانوں کے اور زمین کے۔
اور اللہ دیکھتا ہے جو کرتے ہو۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com